# 15-03-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ملک کے چار ریاستوں اور ایک مرکزی زیرانتظام علاقہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے مرکزی الیکشن کمیشن نے شیڈول کا اعلان کیا ہے۔

۲۔کل سے تلنگانہ اسمبلی کے بجٹ سیشن کا آغاز ہوگا۔ اِس اجلاس میں 2026-27 مالیاتی سال سے متعلق بجٹ کو حکومت پیش کرے گی۔اسمبلی اجلاس کے پہلے دن گورنر شیواپرتاپ شکلا اجلاس سے خطاب کریں گے۔

۳۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ 521 کروڑ کی لاگت سے قاضی پیٹ ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ کے کام تقریباً 85 فیصد مکمل ہوئے ہیں۔

اور

۴۔ریاستی وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا کہ ریاست میں ایل پی سلنڈر کی قلت نہیں ہے ۔کل ایک ہی دن میں 2 لاکھ 43 ہزار سلنڈر سر براہ کئے گئے ہیں۔

G. Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ قاضی پیٹ ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ کے کام تقریباً 85 فیصد مکمل ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ یونٹ ملک میں ریلوے رولنگ اسٹاک کی تیاری کے اضافہ میں اہم کردار ادا کرے گا اور یہ پروجیکٹ علاقائی صنعتی ترقی کی بھی حوصلہ افزائی کرے گا۔انہوں نے کہا کہ اس یونٹ کی تعمیر کیلئے تقریباً 521 کروڑ روپیوں کی لاگت آرہی ہے۔ یونٹ میں مین شاپ، ٹسٹ شاپ، پینٹ شاپ اور ایڈمنسٹریشن کی عمارتیں، اندرونی ریلوے

ٹرک اور دیگر یوٹیلیٹی کی سہولتیں زیرِ تعمیر ہیں۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ یہ پروجیکٹ مکمل ہونے پر ملک میں ریلوے تیاری کے شعبہ کو ایک نیا مقام ملے گا اور تلنگانہ میں صنعتی ترقی کیلئے بھی مددگار ثابت ہوگا۔

DK Aruna MP

محبوب نگر کے رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے کہا کہ مرکزی و ریاستی حکومتیں ٹکسٹائل کی صنعت پر انحصار کرتے ہوئے زندگی گزارنے والے خاندانوں کی مدد کیلئے مختلف اسکیمات کو عمل میں لا رہی ہیں اور ان کو رعایت بھی فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے نارائن پیٹ ضلع کوٹہ کنڈہ گاؤں میں مستحق بافندوں میں آلات تقسیم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے عمل میں لائی جانے والی اسکیمات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے عوام ترقی کی سمت گامزن ہے۔ گدوال، نارائن پیٹ کی ساڑیوں کو قومی سطح پر ایک خصوصی شناخت دلانے کے لئے اپنی جانب سے بھرپور کوشش کرنے کا اعلان کیا۔

Byte DK Aruna MP

Assembly Session

کل سے تلنگانہ اسمبلی کے بجٹ سیشن کا آغاز ہوگا۔ اِس اجلاس میں 2026-27 مالیاتی سال سے متعلق بجٹ کو حکومت پیش کرے گی۔ اسمبلی اجلاس کے پہلے دن گورنر شیو اپرتاپ شکلا اجلاس سے خطاب کریں گے۔ بعد ازاں اجلاس کو چہارشنبہ تک کیلئے ملتوی کیا جائے گا اور 17 اور 18 تاریخ کو گورنر کے خطبہ پر اظہارِ تشکر کی تحریک پر مباحث ہوں گے اور 19 تاریخ کو اگادی تہوار ہونے کی وجہ سے 20 تاریخ کو نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ بجٹ کو پیش کریں گے جبکہ

21 تاریخ کوعیدالفطر اور 22 کواتوار ہونے کی وجہ سے اجلاس دوبارہ 23 مارچ کوشروع ہونے کا امکان ہے۔ پہلے دن گورنر کے خطاب کے بعد اجلاس کے ملتوی ہونے کے ساتھ ہی اجلاس کو چلانے کیلئے ایک اجلاس منعقد ہوگا اور اس مہینہ کی 30 تاریخ تک اسمبلی اجلاس منعقد ہونے کا امکان ہے۔

Iftar Party

تلنگانہ حکومت کی جانب سے ہر سال دی جانے والی دعوت افطار آج شام حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں منعقد ہورہی ہے۔ ریاستی وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہرالدین نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ اس دعوت افطار میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سمیت ریاستی وزراٗ اور مسلم قائدین شرکت کریں گے۔ اس دعوت افطار کے ضمن میں حکومت کی جانب سے ایل بی اسٹیڈیم کے احاطہ میں وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دعوت افطار میں ریاست بھر سے تعلق رکھنے والے عوامی نمائندے، مذہبی قائدین اور ہزاروں کی تعداد میں مسلمان شرکت کریں گے۔

LPG Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا کہ کل ہفتہ کو ایک ہی دن میں 2 لاکھ 43 ہزار 371 ایل پی جی سلنڈر سربراہ کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انڈین آئیل کارپوریشن کی جانب سے 93 ہزار 826 ہندوستان پٹرولیم کارپوریشن سے 79 ہزار 976 اور بھارت پٹرولیم کارپوریشن کی جانب سے 68 ہزار 571 سلنڈرس صارفین کو فراہم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں گھریلو صارفین کے علاوہ ہاسٹلس ،حکومت کے اداروں اور دواخانوں

کو پکوان گیس کی قلت نا ہونے کیلئے موثر اقدامات کئے گئے ہیں اوراس کے لئے حکومت پوری نگرانی کررہی ہے۔

BJP Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ حیدرآباد کے عوام تبدیلی کا انتظار کررہے ہیں۔مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین نے رام چندر راؤ کی موجودگی میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔اس موقع پر رام چندر راؤ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی بہتر حکمرانی پراعتماد کرتے ہوئے عوام بی جے پی میں شامل ہورہے ہیں۔تلنگانہ کی سیاست میں تبدیلی کا بھی ایک اشارہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی کے ذریعہ ہی شہر کی ترقی ممکن ہے۔جی ایچ ایم سی کو غیر سائنٹفک طریقہ سے تین حصوں میں تقسیم کرنے کے لئے سیاسی سازش ہونے کا بھی الزام لگایا۔

KTR - Musi

بی آرایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے کہا کہ ان کی پارٹی موسیٰ ندی کی ترقی کیلئے مخالف نہیں ہے بلکہ اس کے نام پر مقامی عوام کو بے گھر کرنے کی پالیسیوں کے خلاف وہ آواز اٹھائے گی۔انہوں نے کل منعقد ہوئے موسیٰ ندی کی بحالی پاور پوائنٹ اور پبلک پوائنٹ کے عنوان سے منعقد کئے گئے ایک پروگرام میں شرکت کی اوراس موقع پر انہوں نے کہا کہ موسیٰ ندی کی خوبصورتی اسی وقت بحال ہوگی جبکہ گندے پانی کو اس میں شامل نہ ہونے دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ صاف پانی موسیٰ ندی میں بہنے کیلئے سابقہ حکومت 31 ایس ٹی پیز کو تعمیر کرچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ بفرزون کے نام پر مختلف خاندانوں کو نقصان پہنچانا مناسب نہیں ہے۔

Harish Rao

سابق وزیر وسدی پیٹ کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت ملازمین کے مسائل کو نظرانداز کررہی ہے۔ ضلع کے مرکز میں ریٹائرڈ ملازمین، اساتذہ کی جانب سے زیرالتوأ بقایاجات کو جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا گیا۔ اِس احتجاج کی ہریش راؤ نے حمایت کی۔ اس موقع پرانہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت انتخابات سے قبل زیرالتوأ ڈی اے کو جاری کرنے کا تیقن دیا تھا لیکن اب حکومت اِس وعدہ سے انحراف کرچکی ہے۔

LGP - Command Control

ریاست بھر میں ایل پی جی سلنڈرس کی سربراہی پر نظر رکھنے کے لئے کمانڈ کنٹرول سنٹر قائم کیا گیا ہے۔ یہ بات محکمہ سیول سپلائز کے عہدیداروں نے بائی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سنٹر 24 گھنٹے کام کرے گا۔ رئیل ٹائم کے ذریعہ جی پی ایس ٹریکنگ کے ساتھ ریاست کے تمام اضلاع میں گیس کا ذخیرہ منتقلی، تقسیم اور دیگر امور کا جائزہ لیا جائے گا اور جہاں پر گیس کا ذخیرہ کم ہے ان مقامات کی بھی نشاندہی کی جائے گی۔ 1967 ٹول فری نمبر کے ذریعہ صارفین کے مسائل کو بھی حل کیا جائے گا۔ محکمہ سیول سپلائز کے کمشنر اسٹیفن رویندرا نے اپنے بیان میں یہ بات بتائی۔

Weather

محکمہ موسمیات نے کہا کہ آج سے آئندہ ایک ہفتہ کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ آج عادل آباد، نرمل، نظام آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اضلاع میں بعض مقامات پر گرج وچمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان پایا جاتا ہے اور فی گھنٹہ 30 تا 40 کلومیٹر کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔ اِس ضمن میں ایلو

الرٹ جاری کیا گیا جبکہ کل سے مزید اضلاع کو یہ الرٹ لاگو ہوگا۔اس مہینہ کی 18 اور 19 تاریخ کو ریاست بھر کے تمام اضلاع میں بعض مقامات پر بارش ہونے کا بھی امکان ہے جبکہ حیدرآباد میں کل شام یا پھر رات کے اوقات میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سی بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے اور آنے والے 5 دنوں میں اقل ترین درجہ حرارت 2 ڈگری کا 4 ڈگری کم ہونے کا بھی امکان ہے۔

Assembly Election

ملک کے چار ریاستوں اور ایک مرکزی زیر انتظام علاقہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے مرکزی الیکشن کمیشن نے شیڈول کا اعلان کیا ہے۔ ٹاملناڈو کے 234 اسمبلی سیٹوں اور مغربی بنگال میں 294 سیٹوں اور کیرالا میں 140 سیٹوں اور آسام میں 126 سیٹوں اور پڈوچیری میں 30 سیٹوں کیلئے انتخابات ہوں گے۔ پڈوچیری کے علاوہ 4 ریاستوں کے اسمبلی کی میعاد مئی، جون کے مہینہ میں ختم ہورہی ہے۔الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابی شیڈول جاری کئے جانے کے بعد ان ریاستوں میں الیکشن کوڈ نافذ ہوگیا ہے۔

Hockey

حیدرآباد کے گچی باؤلی ہاکی اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے خواتین کے ہاکی ورلڈ کوالیفائنگ مقابلے کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئے۔ان مقابلوں نے تلنگانہ کے کھیلوں کے شعبے کو بین الاقوامی سطح پر نمایاں شناخت دلائی ہے۔تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کی نگرانی میں انتہائی شاندار انداز میں منعقد کئے گئے یہ مقابلے صرف کھیلوں تک محدود نہیں رہے بلکہ تلنگانہ کی مہمان نوازی، انتظامی صلاحیت اور کھیلوں کے فروغ کے لیے ریاستی حکومت کے عزم کو بھی دنیا کے سامنے

اجاگر کیا۔ان مقابلوں کا افتتاح اس ماہ کی 8 تاریخ کو وزیرِاعلیٰ ریونت ریڈی نے کیا تھا۔ اختتامی تقریب میں نائب وزیرِ اعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے شرکت کی، جبکہ محکمہ کھیل کے وزیر وی سری ہری نے مسلسل ان مقابلوں کی نگرانی کی۔ یہ مقابلے آئندہ خواتین کے ہاکی ورلڈ کپ کے لیے کوالیفکیشن حاصل کرنے کے مقصد سے منعقد کئے گئے تھے، جو 14 اگست سے 30 اگست تک نیدرلینڈز اور بلجیم میں منعقد ہوں گے۔ان مقابلوں میں بھارت کے علاوہ آسٹریا، انگلینڈ، اٹلی، کوریا، اسکاٹ لینڈ اور دیگر ممالک کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ان مقابلوں کے لیے گچی باؤلی ہاکی اسٹیڈیم میں بین الاقوامی معیار کے مطابق جدید آسٹروٹرف بھی نصب کیا گیا۔حیدرآباد آنے والے کھلاڑیوں، تکنیکی ماہرین اور عہدیداروں نے تلنگانہ کی مہمان نوازی اور بہترین انتظامات کی بھرپور تعریف کی۔